نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

دھان کے کاشتکار منظور شدہ اقسام کا بیج استعمال کریں: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور: 07 جون 2022 (   ) ترجمان کاشتکار دھان کی زیادہ پیداوار کے لئے منظور شدہ اقسام کا بیج استعمال کریں اور فی ایکڑ زیادہ پیداوار کے لئے **باسمتی اقسام** سپر باسمتی، باسمتی515 ،چناب باسمتی ،پنجاب باسمتی ،پی کے 1121 (ایرومیٹک)،نور باسمتی ،نیاب باسمتی 2016 ،پی کے 2021 (ایرومیٹک)،نجی باسمتی 2020 ،سپر گولڈ،سپر باسمتی 2019،ہائبرڈ باسمتی کے ایس کے 111 ایچ،الخالد رائس،این بی آر 2 ،نیاب سپر،پی کے 386 کی کاشت **7 تا 25 جون**۔اس کے علاوہ شاہین باسمتی اور کسان باسمتی کی کاشت **15 تا 30 جون تک** کریں۔اس کے علاوہ سفارش کردہ ہائبرڈ اقسام کی کاشت **15 جون تک مکمل** کر لیں۔کاشتکار دھان کی ان منظور شدہ اقسام کے علاوہ **ممنوعہ اقسام** ہرگز کاشت نہ کریں۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ دھان کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ پر عملدرآمد جاری ہے جس کے تحت پنجاب کے **15 اضلاع** گوجرانوالہ،شیخوپورہ،اوکاڑہ ،سیالکوٹ،ننکانہ صاحب،بہاولنگر، جھنگ، نارووال،قصور، چنیوٹ، گجرات، لاہور، حافظ آباد،فیصل آباد اور منڈی بہاؤالدین میں دھان کی منتخب اقسام کے بیج پر رجسٹرڈ کاشتکاروں کو سبسڈی فراہم کی جارہی ہے۔یہ سبسڈی **منتخب باسمتی اقسام** سپر باسمتی، باسمتی 515، پی کے 1121 (ایرومیٹک)،کسان باسمتی، سپر باسمتی 2019 اور سپر گولڈ جبکہ **غیر باسمتی اقسام** کے ایس کے 133، پی کے 386، نیاب اری۔9، کے ایس-282 اور اری-6 پر دی جارہی ہے۔دھان کی منظور دہ اقسام میں **باسمتی اقسام پر 1200 روپے فی تھیلہ اور غیر باسمتی اقسام پر 800 روپے فی تھیلہ** سبسڈی دی جارہی ہے۔یہ سبسڈی تھیلوں میں موجود واؤچر کے ذریعے صرف رجسٹرڈ کسانوں کو فراہم کی جائے گی۔غیر رجسٹرڈ کاشتکار رجسٹریشن کے لیے محکمہ زراعت (توسیع) کے مقامی دفاتر سے رابطہ کریں۔

☆☆☆☆